Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۱ - جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۲۹ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء | جلد ۱۳۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ نائب تحصیلدار بلاسپور	۱
۲	اضافہ نائب جیلر زندان	
۳	رخصت ہائے افسران کارخانجات	۲ و ۳
۴	عطائے اختیارات بہ مینیجر صاحب اخبار	۳
	نقشہ نرخنامہ اجناس -	// ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۸ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

حسب عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر، سید محمد نقی نائب تحصیلدار بلاسپور شاہرہ وار بیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا -

۲۰ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

حسب عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر، صاحبزادہ سید علی حیدر خان بہادر

مطبوعہ ۱۰ رجنوری ۱۹۲۳ء

نائب جیلر مشاہرہ دار پچیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ یکم جنوری سنہ ۱۹۲۳ء سے بصلہ کارکردگی بجائے جیلر صاحب جیلخانہ منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۲۳ رجنوری سنہ ۱۹۲۳ء

حسب عرضداشت سید علی اکبر صاحب مہتمم خاصہ۔ سید ابرار حسین افسر کارخانجات و سید انوار حسین معاون منصرم باذان خانہ کی رخصت ایک ایک ہفتہ کی اور سید عزاداحسین نائب منصرم گاؤمیش خانہ کی دو مہینے کی منظور فرمائی گئی لیکن سید ابرار حسین و سید انوار حسین کو اسوقت سے رخصت دیجائیگی جس تاریخ سے صاحب مہتمم خاصہ چاہیں گے۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۳ رجنوری سنہ ۱۹۲۳ء

حسب عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات دربارہ صدور حکم عطاء اختیارات منیجر صاحب انہار مثل صاحب ایگزیکٹو انجنیر سابق رقمزدہ ۱۱ رمارچ سنہ ۱۹۲۲ء منسلکہ ہذا

صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات بوجہ کثرت کار صیغہ انہار چاہتی ہیں کہ جو اختیارات بحکم ۱۱ رمارچ سنہ ۱۹۲۲ء ایگزیکٹو انجنیر صیغہ تعمیرات کو دیئے گئے ہین وہی اختیارات منیجر صیغہ انہار کو دیئے جائین تاکہ کار سرکار مین حرج واقع نہو مثل برآمد ہو کر دیکھی گئی۔ منظور کیا جاتا ہے کہ حسب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات وہی اختیارات جو بحکم ۱۱ رمارچ سنہ ۱۹۲۲ء ایگزیکٹو انجنیر تعمیرات کو حاصل ہین منیجر انہار کو بھی دیئے جائین۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔ مثل متعلقہ داخل دفتر ہو۔

نقل حکم اجلاس ہمایون رقمزدہ ۱۱ رمارچ سنہ ۱۹۲۲ء

کاغذات تجویز اختیارات صاحب ایگزیکٹو انجنیر مرسلہ صاحب ہوم سکریٹری بہادر ملاحظہ ہوکر حسب ذیل اختیارات صاحب ایگزیکٹو انجنیر منظور کئے جاتے ہین۔ صاحب ایگزیکٹو انجنیر اپنے جن اختیارات کا استعمال کرین اسکی اطلاعی رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر کے پاس روانہ کردیا کرین۔

۱ - جو ملازم مستقل پچیس روپیہ ماہوار تک کے تنخواہ دار ہین انپر چہارم تنخواہ تک صاحب ایگزیکٹو انجنیر بہادر جرمانہ کرسکتے ہین۔

۲ - مینل اسٹاف پندرہ روپیہ تنخواہ تک کی موقوفی و بحالی و تقرری بجائے موقوف شدہ باختیار خود کرسکتے ہین۔

۳ - متعلق اجازت و منظوری نیلام درختان افتادہ و شاخ تراشی درختان و نیلام گھاس سڑک ہائے دو سو روپیہ تک کا اختیار دیا جاتا ہے۔

۴ - بلہائے صیغہ تعمیرات جو آڈٹ سے پاس ہوجائین وہ تو آڈٹ سے صاحب ہوم سکریٹری بہادر کے پاس جائین گے اور جن بلہائے تعمیرات پر آڈٹ کا کوئی اعتراض ہو اسکی تکمیل کے لیے آڈٹ سے بجلد راست صاحب ایگزیکٹو انجنیر کے پاس بھیجے جائین اور وہان سے بعد تکمیل وہ آڈٹ کو بھیج دئیے جائین اسیطرح بلہائے صیغہ تعمیرات بھی صاحب ایگزیکٹو انجنیر آڈٹ کو بجلد راست روانہ کرسکتے ہین۔

۵ - مینل اسٹاف صہ تنخواہ تک کے ملازمان کی رخصت رعایتی و غیر رعایتی ایک ماہ تک کی دے سکتے ہین۔ اور عملہ دفتر سب اور سیر کو پندرہ دن کی رعایتی رخصت اور ایک ماہ کی غیر رعایتی رخصت دے سکتے ہین۔

احکام ضابطہ جاری ہون اور درج گزٹ ہو۔

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۲ لغایت ۲۸ جنوری

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۸ ۸ ر		۱۰۶ ۸ ر		[illegible] ۸ ر	
نخود خالص		۹ ۸ ر		۱۰ ۸ ر		۱۰ ۸ ر	
نخود کسترامیز		۱۰ ۸ ر		۱۰ ۸ ر		۱۰۰ ۸ ر	
جو		۱۰ ۸ ر		۱۱ ۸ ر		۱۱ ۸ ر	
ماش		۹ ۸ ر		۱۰ ۸ ر		۹ ۸ ر	
مونگ		۱۰ ۸ ر		۸ ۸ ر		۹ ۸ ر	
مکا		۰		۰		۰	
جئی		۰		۱۹ ۸ ر		۱۹ ۸ ر	
گوجئی		۰		۸ ۸ ر		۹ ۸ ر	
مسور		۰		۸ ۸ ر		۷ ۸ ر	
ارہر		۰		۲۰ ۸ ر		۰	
برنج		۵ ۸ ر		۱۰۵ ۸ ر		۱۰۹ ۸ ر	
روغن زرد		[illegible]		[illegible]		[illegible]	
روغن سیاہ		[illegible]		[illegible]		[illegible]	
روغن کنجد		[illegible]		[illegible]		یک سیر	
نمک سانبھر		۱۰ ۸ ر		۱۰ ۸ ر		۱۱ ۸ ر	
نمک لاہوری		۶ ۸ ر		۵ ۸ ر		۶ ۸ ر	
قند سیاہ		۵ ۸ ر		۵ ۸ ر		۵ ۸ ر	
باجرہ		[illegible]		۰		۹ ۸ ر	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور